بصیرت اور وسیع المطالعہ ہیں، اس لیے وہ متقدمین ومتاخرین کی کتابوں کے کمزور پہلوؤں کی نشاندہی بھی کرتی ہیں اور پھر مبحث کو کسی فیصلہ کن مرحلہ میں داخل کرنے کے لیے وہ اپنی ٹھوس اور مدلل رائے بھی پیش کرتی ہیں۔ ان کا طرز استدلال اور انداز نگارش بھی منفرد ہے، ابتداء کتاب میں تقریباً چالیس صفحات پر مشتمل مقدمہ میں مصنفہ نے زیر بحث موضوع پر دستیاب کتب کا ناقدانہ جائزہ لے کر، ان کی خوبیوں اور خامیوں کی نشاندہی کی ہے، اس کے بعد اصل موضوع کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ موضوع کے کن پہلوؤں پر بحث وتحقیق کی گئی ہے کتاب کے چیدہ چیدہ عنوانات کی فہرست پر ایک نظر ڈالیے؟

تسکین حج وعمرہ مع خواتین کے خصوصی مسائل، تالیف: محترمہ بیگم ظریف احمد تھانوی، ناشر: عاصم پرنٹرز، صفحات: ۶۱۹، قیمت: درج نہیں

محترمہ بیگم ظریف احمد تھانوی کا شمار ان نیک بخت خواتین میں ہوتا ہے، جنھوں نے حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت وارادت کا رشتہ استوار کیا اور ان کی تربیت میں تصوف اور سلوک واحسان کے منازل طے کیے۔ وہ گزشتہ تیس برس سے گلشن اقبال کی ایک جامع مسجد میں خواتین کے ہفتہ وار اجتماع سے خطاب بھی کرتی چلی آرہی ہیں، جس میں خواتین کی اصلاح وتربیت کے ساتھ انھوں نے خواتین کے طریقۂ حج وعمرہ اور حج وعمرہ کے ایام میں خواتین کو لحظہ بہ لحظہ پیش آنے والے مسائل میں تفصیل سے رہنمائی کی۔ ارادت مند خواتین نے ان کے بیانات کیسٹ سے کاغذ پر منتقل کیے۔ محترمہ نے ان بیانات پر اصلاح وترمیم کا کام کیا اور اکابر کی معتبر کتابوں سے مزید اضافے کیے، یوں خواتین کے مسائل حج وعمرہ سے متعلق ایک ضخیم کتاب تیار ہوگئی۔

کتاب کے چار حصے ہیں۔ حصہ اول میں تاریخ کے مختلف ادوار میں مسجد حرام کی تعمیر وبنا کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ اس حصہ میں مختصراً مسجد حرام میں نماز وعبادت کی فضیلت اور ثواب کا ذکر بھی آگیا ہے۔ حصہ دوم وسوم میں حج وعمرہ کی فرضیت، سنن وآداب، مقامات مقدسہ کا تعارف، خواتین کے طریقہ حج وعمرہ اور ایام حج میں خواتین کے مسائل پر شرح وبسط کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ دوران حج وعمرہ خواتین کے سامنے کس طرح کے مسائل پیش آسکتے ہیں اور کیسے حالات سے ان کا پالا پڑتا ہے ظاہر ہے خواتین کی نفسیات اور مسائل سے ایک خاتون ہی زیادہ واقف ہوسکتی ہے، اس کتاب کی یہی نمایاں خصوصیت ہے کہ اس میں خواتین کے طریقہ حج وعمرہ پر ایک فاضل خاتون نے قلم اٹھایا ہے اور ان کی بھرپور رہنمائی کی ہے۔ ہماری رائے ہے کہ حج وعمرہ پر جانے والی خواتین سفرِ حج پر روانہ ہونے سے قبل اور دورانِ سفر اس کتاب سے ضرور استفادہ کریں۔

کتاب کے آخر میں حجاج کی سہولت کے لیے اردو ترجمہ کے ساتھ ایسے عربی الفاظ اعداد وشمار (ہندسوں) اور جملوں کی فہرست بھی دی گئی ہے، جو ایام حج وعمرہ میں ضرورت کے تحت استعمال ہوسکتے ہیں۔

کتاب امپورٹڈ کاغذ پر چھپی ہے اور اس کی جلدی بندی، طباعت وغیرہ سلیقہ اور معیار کی ہے۔